اهلِ حرم میں رونے کي دھوم واویلا

اهلِ حرم میں رونے کي دھوم واویلا
مارا گیا سیّد مظلوم واویلا
جلتا هے گھر جلتي هیں قناتیں
روتے هیں سب بچّے معصوم واویلا
مارا گیا سیّد مظلوم واویلا

دیش مدینه کا هے چھوڑا زهراء بھیو غمناك
بیٹي ستاوے بَن ما بُلاوے بیوه اُڑائے خاك
سر سے ردائیں لیتے هیں واویلا
طعنے ستمگر دیتے هے واویلا
کوئي نهیں هے سر پر وارث
کِسکو پکارے یه مظلوم واویلا
مارا گیا سیّد مظلوم واویلا

جان کو سُلاوے چھاتي اوپر   زهراء کا دِلدار
وان کو لِٹاوے دهرتي بِهيتر   مارے شمر هر بار
باليان چهيني بچّي کي واويلا
اِس پر ايذا اور بهي دي واويلا
کان پهٹيں هے خون هے بهتا
تڑپتے هے بچّے معصوم واويلا
مارا گيا سيّد مظلوم واويلا

ايك چدّريان دے نه کوئي   شرم بهري شرمائے
چُپکے چُپکے رووَت رووَت   هاتھ کهڑي بندهوائے
سهتي هے کلثوم آه محن واويلا
باونرے زينب اور رسن واويلا
بيٹيان زهراء اور علي کي
آج يه کيسا هے مقسوم واويلا
مارا گيا سيّد مظلوم واويلا

عبد سيدنا المنعام طعش معزملاّ نذر علي پارسولا (گلياکوٹ والا) الفحيحيل الكويت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

سوئے زمیں پر سارے براتي　　شادي نہ آئي راس
دولھن کھتي عبداللہ کي　　توڑي ھماري آس

قید ھوئي اِك شب کي دولھن واویلا
کُھل گیا کنگنا باندھي رسن واویلا
روتي ھے زینب خاك اُڑاکر
پیٹتي ھے سر اُمِّ کلثوم واویلا
مارا گیا سیّد مظلوم واویلا

کوئي نہ پوچھے کوئي نہ آوے　　کوئي نہ دیوے داد
جِسکے مَن میں جیسا آوے　　ظلم کرے جلاّد

سب کو بِٹھایا اُنٹوں پر واویلا
دي نہ کسي کو اِك چادر واویلا
شام کو سرور آہ چلے ھے
لیکے حرم کو لشکرِ شُوم واویلا
مارا گیا سیّد مظلوم واویلا

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاً نذر علي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

کربلا بَن ما لوٹ مچي هے　　بِندري کرے فرياد

سوئے سب پرديس ما مسافر　　ديش بھيو برباد

بچّو کو کوئي روتا هے واويلا

رن ميں کوئي جان کھوتا هے واويلا

کھتي هے بانو اصغر جاني

چھيدا تيرا نازُك حلقوم واويلا

مارا گيا سيّد مظلوم واويلا

اور دُکھاوے دُکھتے دل کو　　ترس نہ کوئي کھائے

دُکھ ما ستاوے قيدي بناوے　　لاکھ دُکھي چلاّئے

طوق پہنايا عابد کو واويلا

کھتے هيں اُسکو چين نہ لو واويلا

تن ميں هے تپ اور بيڑيان بھاري

کيسي بَلا ميں هے مظلوم واويلا

مارا گيا سيّد مظلوم واويلا

*****